سوال نمبر: 13995

منجانب صلاح الدین صاحب، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ

نمبر شمار	سوال	جواب
(ا)	آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں گریوٹی کینال / برلب نہر کے ساتھ سروس روڈ بنایا گیا ہے جس پر کافی رقم خرچ ہو چکی ہے؟	جی ہاں یہ درست ہے۔
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سروس روڈ گاڑیوں کی آمدرفت کے لئے کھول دیا گیا ہے جو کہ زیادہ تر ٹاؤن فور اور ٹاؤن تھری کے حدود میں آتا ہے؟	جی ہاں یہ درست ہے۔
(ج)	آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سروس روڈ پر جگہ جگہ غیر قانونی سپیڈ بریکر بنائے گئے ہیں اور سڑک کے کنارے لوگوں نے اینٹ / ریت / بجری وغیرہ رکھے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے آئے روز ایکسڈینٹ ہو رہے ہیں۔	جی ہاں یہ بھی درست ہے کہ عوام اپنی مرضی کے تحت وقتاً فوقتاً سپیڈ بریکر بناتے ہیں۔ اور تعمیرات کیلئے روڈ کے کنارے میٹریل (اینٹ، ریت، بجری وغیرہ) جمع کرتے ہیں۔
(د)	اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ سروس روڈ کی صفائی ستھرائی اور سپیڈ بریکر کب تک ہٹائے جائینگے نیز صفائی اور سڑک کے دیگر دیکھ بھال کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔	محکمہ ایریگیشن نے ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن پشاور اور ٹاؤن فور عملے کے ساتھ مل کر وقتاً فوقتاً غیر قانونی سپیڈ بریکر اور کنسٹرکشن میٹیریل کے خلاف کاروائیاں کئے ہیں۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ اس سلسلے میں عوام کی آگاہی کیلئے پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا کا استعمال بھی عمل میں لانے کا سوچ رہی ہے۔ مذید یہ کہ عوامی نمائندے بھی عوام کی آگاہی کے لئے کردار ادا کرسکتے ہیں۔

Scanned with CamScanner